سوال

(79) بغیر طہارت کے قرآن مجید کو چھونا اور پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بغیر طہارت کے قرآن مجید کو چھونا اور پڑھنا

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید کے بغیر وضو کے چھونا یا ہاتھ لگانا جائز نہیں ہے، لیکن اگر شکم میں ریاح اور گیس کی شکایت ہو، اور روکنے کی وجہ سے درد ہونے لگتا ہو، تو ایسا شخص بلاوضو کے بھی دیکھ کر تلاوت کر سکتا ہے۔ کثرت ریاح اور گیس کے مریض کو جو وضو باقی نہ رکھ سکتا ہو، اور بار بار اوس کو ریاح کے اخراج کی ضرورت پڑتی ہو۔ اوس کے حق میں بلاوضو کے قرآن مجید کا چھونا اور دیکھ کر تلاوت کرنا عذر کی وجہ سے مباح ہے اور حفظاً بغیر ہاتھ لگائے ہوئے قرآن کا پڑھنا مطلقاً جائز ہے۔ الحزب المقبول تمہارے یہاں ہوگی اوس میں جو اوراد و وظائف ہیں وہ کافی ہیں۔

عبیداللہ رحمانی 11 1979ء (مکتوب بنام محمد فاروق اعظمی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری]

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 183